URDU

# نفرت پر مبنی جُرم

آپ اِس سلسلے میں بہت کچھ کرسکتے ہیں

WELSH REFUGEE COUNCIL
CYNGOR FFOADURIAID CYMRU

www.wrc.wales

# نفرت پر مبنیٰ جُرم

## آپ اِس سلسلے میں بہت کچھ کرسکتے ہیں

ہیلو، ویلز میں خوش آمدید! ہمیں یہ جان کر خوشی ہوتی ہے کہ ویلز میں نو آمد لوگ اپنے ساتھ شاندار کلچر صلاحیتیں اور قابلیتیں لے کر آتے ہیں جو ہمارے معاشرے کو جاندار بناتی ہیں۔ تو آپ کو ویلز میں زندگی کیسی لگ رہی ہے؟

**ویلز ایک خوبصورت ملک ہے** اور زیادہ تر لوگ دوستانہ برتاؤ کرتے ہیں لیکن کچھ ایسا نہیں کرتے۔

اوہ ... ایسا کیوں ہے؟ کچھ ہوا کیا؟

کچھ عرصہ پہلے بس پر مجھے کوئی گالیاں دینے لگا اور کہنے لگا کہ میں اپنے ملک واپس جاؤں۔ جب میں نے اُسے یہ سب بند کرنے کا کہا تو اُس نے مجھے کوئی چیز دے ماری۔ شاید یہ انگور تھے۔ مجھے اتنی شرمندگی ہوئی اور ڈر لگا، مجھے پتہ نہیں تھا کہ میں کیا کروں

انتہائی بُری بات، مجھے کوئی تعجب نہیں کہ یہ آپ کو بُرا لگا۔ اگرچہ آپ کو علم ہے کہ یہ آپ کا قصور نہیں؟ **یہ نفرت پر مبنیٰ واقعہ ہے۔** آپ پولیس کو اِس بارے میں مطلع کرسکتے ہیں۔ اگر اُنہیں لگا کہ یہ نفرت پر مبنیٰ جُرم ہے تو وہ کارروائی کرسکتے ہیں۔ وہ آپ کی بات سنیں گے، مدد کی پیشکش کریں گے اور یہ طے کریں گے کہ آیا اِس کی درجہ بندی بطور **نفرت پر مبنیٰ جُرم کی جاسکتی** ہے یا نہیں۔ اگر وہ اِس کی درجہ بندی بطور نفرت پر مبنیٰ جُرم نہ بھی کر پائیں تو بھی یہ آپ کے لیے مددگار ثابت ہوگا کیونکہ آپ کو سپورٹ مل جائے گی۔ آپ کو اِسے برداشت کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے

### کیا میں اِس کی رپورٹ کرسکتا سکتی ہوں؟ نفرت پر مبنیٰ جُرم کیا ہے؟/

**نفرت پر مبنیٰ جُرم یا نفرت پر مبنیٰ واقعہ آپ کے خلاف** ایسے جارحانہ اقدامات ہیں جو آپ کی قومیت، مذہب، عقیدے، معذوری،ٹرانسجنڈر شناختیا جنسی رجحان کی بنا پر کیے جائیں۔ آپ رپورٹ کرسکتے ہیں چاہے آپ نفرت کا شکار ہوئے ہوں یا آپ نے دیکھا ہو کہ کوئی اور اِس کا شکار ہوا ہے۔ یہ آپ کے خاندان کے افراد ہوسکتے ہیں، آپ کے دوست ہوسکتے ہیں، اور وہ ہو سکتے ہیں جن سے آپ صرف ابھی ملے ہوں یا جنہیں آپ جانتے ہی نہ ہوں۔

نفرت پر مبنیٰ جُرم کہیں بھی ہوسکتا ہے، یہ آپ کے گھر میں ہوسکتا ہے، کسی بس پر ہوسکتا ہے، کسی پارک میں ہوسکتا ہے یا کسی سکول یا یونیورسٹی میں ہوسکتا ہے۔

**حقیقت: نفرت پر مبنیٰ جُرم آپ کے خلاف ایسا غیر قانونی جارحانہ عمل ہے جو اِس وجہ سے کیا جاتا ہے کہ آپ**

## لیکن میرا خیال ہے وہ بندا صرف بیوقوفی کررہا تھا؟

اُس نے آپ کے بارے میں رائے قائم کی اور اُس رائے کی بُنیاد پر آپ کو نشانہ بنایا۔ یہ برطانیہ میں قابل قبول نہیں ہے۔ **ایسا کرنا غیر قانونی اور جُرم بھی ہوسکتا ہے!** یہ آپ کا حق ہے کہ آپ اپنے گھر میں، گلی محلے میں اور عوامی مقامات پر اپنے آپ کو محفوظ سمجھیں۔
لوگوں کے ساتھ بہت سی چیزیں ہوسکتی ہیں جو ناقابل قبول ہو تی ہیں ،مگر یہ اس وقت نفرت پر مبنی واقعہ بن جاتی ہیں جب کسی نے آپ کے بارے میں رائے قائم کر لی ہو۔
یہ ہوسکتی ہیں

دھکا دینا، تنگ کرنا، دھمکی دینا

آپ پر کچھ پھینکا جانا یا آپ کے لیٹر باکس میں کچھ ڈالا جانا

کسی کا آپ کی جانب دھمکی آمیز انداز میں بڑھنا

خاموشی سے ہاتھوں سے جارحانہ اشارے کرنا یا آپ کی نقل اُتارنا

آپ پر تھوکا جانا، زدوکوب کیا جانا یا ٹھوکر ماری جانا

گالیاں دی جانا، تضحیک یا گھٹیا لطیفوں کا نشانہ بنایا جانا

آپ کی املاک کو نقصان پہنچایا جانا یا چوری کیا جانا

پڑوسی کی جانب سے حملہ کیا جانا

آتش زنی یا پڑوسیوں کے ساتھ جھگڑے اور

آپ کی معذوی، نسل، مذہب، جنسی رجحان یا ٹرانسجنڈر شناخت کی بنا پر دادا گیری کا نشانہ بنایا جانا۔

## ٹھیک ہے، لیکن میں یہ رپورٹ کیسے کروں؟

اچھا، ہنگامی حالت میں، آپ **999** پر کال کرکے اِسے رپورٹ کرسکتے ہیں اگر:
واقعہ ابھی ہو رہا ہے اور آپ کو ہنگامی مدد درکار ہے،
حملہ آور کہیں آس پاس ہی ہے
آپ کو لگے کہ آپ یا کسی اور کی زندگی کو خطرہ ہے یا
تشدد کا استعمال کیا جارہا ہے اور آپ کو ڈر لگ رہا ہے۔

پر کال کریں اگر **101**
واقعہ کچھ دیر پہلے ہوا ہے اور آپ یہ رپورٹ کرنا چاہتے ہوں
آپ پر حملہ کرنے والا فرد اب آس پاس نہیں ہے
اب آپ یا کسی دوسرے فرد کی زندگی کو خطرہ درپیش نہیں ہے اور
آپ کے خلاف تشدد کا استعمال نہیں کیا جارہا۔

**یا 101 پر کال کریں 999**
**میں نفرت پر مبنی جُرم کو"**

## اگر میں یہ رپورٹ کروں تو کیا ہوگا؟

جب آپ نفرت پر مبنی جُرم کو رپورٹ کرتے ہیں تو پولیس آپ کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے تمام اقدامات اُٹھائے گی۔ وہ آپ سے ملنے آئیں گے ماسوائے اِس کے کہ آپ چاہیں کہ آپ تھانے آ کر اُن سے ملیں یا فون پر بات کریں اور آپ کے کوائف رازدارانہ انداز میں لیے جائیں گے۔ پولیس آپ سے واقعہ سُنے گی کہ کیا ہوا تھا اور آپ کو دیگر اداروں بشمول وکٹم سپوٹ کی پوری تفتیش کے دوران سپورٹ مہیا کرے گی۔ اگر ضروری ہوا تو پولیس اُس فرد کا آپ سے دوبارہ رابطہ روکنے کے طریقے پر بھی غور کرے گی۔ تمام ویلش پولیس فورسز میں ایسے خصوصی افسر موجود ہیں جو آپ مدد اور سپورٹ کرنے کے لیے دستیاب ہیں۔

آپ سے نہیں کہا جائے گا کہ آپ اُس فرد سے بات کریں، اُس کا سامنا کریں یا اُس سے براہ راست رابطہ کریں بلکہ آپ سے کہا جاسکتا ہے کہ آپ

،بیان دیں

کوئی ثبوت پیش کریں جو آپ کے پاس ہو جیسے فون پر یا سی سی ٹی وی فوٹیج، زخموں کے نشان یا تصویریں

وکٹم امپیکٹ سٹیٹمنٹ دیں یعنی یہ بتائیں کہ جو آپ کے ساتھ ہوا اُس کے بارے میں آپ کیا محسوس کرتے ہیں اور آپ کی زندگی کیسے متاثر ہوئی ہے اور

وکٹم سپورٹ نمائندے کی موجودگی میں عدالت میں گواہی دیں۔

## اگر میں یہ رپورٹ نہ کرنا چاہوں تو؟ ہوسکتا ہے کہ رپورٹ کرنے سے مسئلہ مزید خراب ہو جائے؟

**اگر آپ واقعہ کے بارے میں کسی سے بات نہیں کرنا چاہتے تو آپ آن لائن فارم پر www.reporthate.victimsupport.org.uk/hate-crime وکٹم سپورٹ ویب پیج یہاں رپورٹ کرسکتے ہیں، آپاپنی چنیدہ زبان منتخب کرکے فارم مکمل کرکے کو ای میل کر سکتے ہیں hate.crimewales@victimsupport.org.uk ! سے یا 03003031982 پر کال کریں**

**یاد رکھیں**
**نفرت پر مبنی جُرم کو رپورٹ کرنے کے لیے آپ کو کسی سے بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے؛ آپ یہ آن لائن کر سکتے ہیں۔**

**میناسائلم سیکر ہوں اور اپنی جانب توجہ مبذول نہیں کروانا چاہتا/چاہتی؟ میں کسی مصیبت میں نہیں پڑنا چاہتا/چاہتی اور میں اپنے اسائلم کے دعوے کو متاثر نہیں کرنا چاہتا/چاہتی۔**

نفرت پر مبنی ٰجرائم اور واقعات کے ساتھ آپ کی مقامی پولیس نمٹتی ہے اور اُن کا آپ کی اسائلم کی درخواست پر کوئی اثر نہیں ہوتا اگر کوئی آپ کو اِس بنا پر نقصان پہنچانا چاہے کہ آپ کون ہیں یا سمجھتا ہے کہ آپ کون ہیں تو یہ آپ کا قصور نہیں ہے۔ پولیس آپ ساتھ مل کر یہ بات یقینی بنائے گی کہ تفتیش کی وجہ سے آپ کی اسائلم کی اپائنٹمنٹس میں کوئی رکاوٹ نہ پڑے اور آپ کے خلاف مرتکب ہونے والے نفرت پر مبنی ٰجُرم کی تفصیلات ہوم آفس کے کیس ورکر کو نہیں دی جائیں گی۔

مزید براں، نفرت پر مبنی ٰکسی واقعے کو رپورٹ کرنے کی وجہ سے آپکی رہائشی یا ہاؤسنگ سپورٹ متاثر نہ ہو گی، تاہم اگر نفرت پر مبنی ٰواقعے کی وجہ سے آپ کو محفوظ تر رہائش درکار ہو تو اِس سلسلے میں آپ کی مدد کی جائے گی۔

**اگر میں بذات خود یہ رپورٹ نہ کرنا چاہوں تو کیا کوئی دوسرا میرے لیے اِسے رپورٹ کرسکتا ہے؟**

جی ہاں، وکٹم سپورٹ کو **0300 303 1982** پر کال کریں اور وہ اِسے آپ کی جانب سے رپورٹ کردیں گے۔ آپ کسی مقامی سپورٹ ایجنسی کو بھی کہہ سکتے ہیں کہ وہ آپ کی جانب سے اِسے رپورٹ کرے۔ ایجنسیاں جو مدد کرسکتی ہیں وہ ہیندی ویلش رفیوجی کونسل، زیٹیزن ایڈوائس اور برٹش ریڈکراس۔

**وکٹم سپورٹ کو 0300 303 1982 پرکال کریں اور وہ اِسے آپ کی جانب سے**

## اگر میں اُس فرد کو واضح طور پر بیان نہیں بھی کر سکتا/سکتی تو کیا پھر بھی میں نفرت پر مبنیٰ جرم کو رپورٹ کرسکتا/سکتی ہوں؟

ی ہاں۔ آپ جو بھی معلومات مہیا کرتے ہیں وہ اہم ہو سکتی ہیں اور آپ کے علاقے میں کسی اور کو پیش آنے والے ایسے ہی واقعے کے بارے میں ہوسکتی ہیں۔ ممکن ہے کہ پولیس اِس فرد کو جانتی ہو اور اِس واقعہ کے بارے میں شہادت موبائل فون یا سی سی ٹی وی فوٹیج سے حاصل کرسکتی ہو۔ ہوسکتا ہے کہ وہ اِس واقعے کو کسی زیادہ سنگین نفرت پر مبنیٰ جرائم تک منتج ہونے سے روک پائیں۔ چنانچہ براہ مہربانی کہ کسی کو رپورٹ کریں۔

## اگر پولیس اِسے نفرت پر مبنیٰ جُرم نہیں مانتی تو پھر کیا ہو گا؟

اگر آپ کے ساتھ پیش آنے والے واقعے کی درجہ بندی بطور نفرت پر مبنیٰ جُرم کے نہیں کی جاتی تو پولیس آپ کو اُن اقدامات کے بارے میں بتائے گی جو اُنہوں نے کیے ہیں اور وکٹم سپورٹ آپ کی مدد کرنا جاری رکھے گا۔

## کیا کہ مجھے ثابت کرنا پڑے گا کہ واقعہ نفرت پر مبنیٰ جُرم تھا؟

جی نہیں۔ اگر آپ سمجھتے ہوں کہ آپ کو آپ کی نسل، مذہب، معذوری، جنسی رجحان یا جنسی شناخت کی وجہ سے جارحیت کا نشانہ بنایا گیا ہے تو پولیس کو جو کچھ ہوا اُسے نفرت پر مبنیٰ جُرم سمجھنا **چاہیے۔** گر پیش آنے والا واقعہ ایک قابل تعزیر جُرم نہ بھی ہو (پولیس اِسے نفرت کی بنا پر ہونے والا واقعہ قرار دے گی) تو پولیس پھر بھی اِس کی تفتیس کرے گی اور اِس روکنے کے لیے اقدامات کرے گی اور ایک خصوصی افسر آپ کی سپورٹ کرے گا/گی۔

**یاد رکھیں**
**آپ کی رپورٹ کے بارے میں ثبوت اکٹھے کرنے کے لیے پولیس موبائل فون کی فوٹیج یا گلی میں لگے کیمرے کی ریکارڈنگ استعمال کرسکتی ہے۔**

## اِسے رپورٹ کرنا کیوں اہم ہے؟

بہت سے نفرت پر مبنیٰ جرائم رپورٹ نہیں کیے جاتے۔ جب آپ کوئی نفرت پر مبنیٰ جرم کو رپورٹ کرتے ہیں تو یہ آپ، آپ کے دوستوں اور خاندان اور کمیونٹی کے لیے بہتر ہوتا ہے۔ جب یہ وقوع پذیر ہو تو اِس رپورٹ کرکے آپ

اِسے دوبارہ اپنے ساتھ یا کسی دوسرے کے ساتھ وقوع پذیر ہونے سے روک سکتے ہیں

اسائلم کے متلاشی افراد اور مہاجرین کو لاحق خدشات کو اُجاگر کرنے میں مدد کرسکتے ہیں۔

پولیس کی مدد کرسکتے ہیں کہ آپ کے علاقے میں نفرت پر مبنیٰ جرائم کو بہتر طور پر سمجھ سکے اور اِس سے نمٹ سکے اور

اُس طریقے کو بہتر کر سکتے ہیں جس سے پولیس نفرت پر مبنیٰ جرائم سے نمٹتی ہے۔

اگر آپ اپنے ذاتی کوائف نہیں دینا چاہتے تو صرف اُنہیں یہ بتا دیں کہ کیا ہوا تھا اور وہ آپ کی جانب سے مہیا کردہ معلومات کو استعمال کرکے آپ کے علاقے میں نفرت پر مبنیٰ جرائم کی سرگرمیوں پر نظر رکھ سکتے ہیں، آپ کی کمیونٹی کو محفوظ تر بنا سکتے ہیں اور لوگوں کی مدد کرسکتے ہیں کہ وہ اپنے آپ کو کم تنہا سمجھیں اور جو کچھ اُن کے ساتھ ہوا ہے اُس کی وجہ سے کم خوف محسوس کریں۔ پولیس اُن تمام نفرت پر مبنیٰ جرائم کو ریکارڈ کرتی ہے جو اُن کو رپورٹ کیے گئے ہوں۔ ہوسکتا ہے کہ جو کچھ ہوا ہو وہ عدالت میں نہ جائے تاہم وہ پھر بھی آپ اور دیگر ہیٹ سپورٹ ایجنسیز کے ساتھ کام کرکے اِس واقعہ کو مزید ابتری سے بچائیں گے۔

**اگر پولیس میری بات نہ سُنے تو پھر کیا کروں؟** جب گلی میں میرے/میری دوست پر انڈے پھینکے گئے تھے تو پولیس نے صرف بیان لیا تھا اور کچھ بھی نہیں کیا تھا۔

اگر آپ کو لگے کہ پولیس افسر نے آپ کی بات نہیں سُنی یا آپ کے ساتھ منصفانہ برتاؤ نہیں کیا تو آپ **اِس کی شکایت کرسکتے ہیں۔** آپ اپنے مقامی پولیس سٹیشن میں شکایت درج کراسکتے ہیں۔ اُنہیں کہیں کہ آپ کا دعوی پروفیشنل سٹینڈرڈ ڈپارٹمنٹ کو بھیج دیں۔ تمام پولیس سروسز کے پاس یہ ہے۔ آپ اپنے مقامی میمبر برائے پارلیمنٹ (ایم پی) یا اسمبلی میمبر (اے ایم) سے بھی اِس بارے میں کہہ سکتے ہیں اور وہ www.ipcc.gov.uk پر شکایت کرنے میں آپ کی مدد کریں گے یا آپ **انڈیپنڈنٹ** پولیس کمپلینٹس کمیشن سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس سولیسٹر ہو تو آپ اُس کے ذریعے **بھی شکایت کرسکتے** ہیں۔

اپنے مقامی ایم پی کو تلاش کرنے کے لیے
پر جائیں https://members.parliament.uk/members/Commons

اپنے مقامی اے ایم کو تلاش کرنے کے لیے
پر جائیں www.senedd.assembly.wales/mgFindMember.aspx

**کچھ ادارے نفرت پر مبنیٰ واقعات کو رپورٹ کرنے میں آپ کی مدد کرسکتے ہیں**

| | |
|---|---|
| سیٹیزنز ایڈوائس | 03444 772 020 |
| برٹش ریڈکراس | 01633 245 774 |
| وکٹم سپورٹ | 0300 303 1982 |
| ویلش ریفیوجی کونسل | 02920 489 800 |

**یاد رکھیں: جب آپ کوئی نفرت پر مبنیٰ واقعے کو رپورٹ کرتے ہیں تو یہ آپ، آپ کے دوستوں اور خاندان اور کمیونٹی کے لیے بہتر ہوتا ہے۔**

مدد کے لیے آپ کا شکریہ۔ اِس کا ہونا مجھے ابھی بھی بُرا لگ رہا ہے اگرچہ اِس کے بارے میں کچھ کرنے کے بارے میں اب میں زیادہ پُر اعتماد ہوں۔

کوئی بات نہیں! یاد رکھیں کہ آپ اِسے رپورٹ کرسکتے ہیں اور آپ کو وہ مدد مل سکتی ہے جس کی آپ کو ضرورت ہے۔ ایسا کرنے میں ہوسکتا ہے کہ اِسے دوبارہ وقوع پذیر ہونے سے روکنے کے لیے پولیس کی بھی مدد ہو جائے

## اقرار

یہ ہیٹ کرائم لیف لیٹ ویلز میں نفرت پر مبنی جرائم کو سمجھنے، اِنہیں رپورٹ کرنے اور اِنہیں ہونے سے روکنے کے سلسلے میں آپ کیا کرسکتے ہیں کے بارے میں ہے۔ ویلش رفیوجی کونسل کو اس معلومات کو آپ سے تبادلہ میں خوشی محسوس ہوتی ہے اور وہ سپورٹ ایجنسیز اور ویلز میں اسائلم کے خواہاں لوگوں اور مہاجرین کی خصوصی طور پر مشکور ہے جنہوں نے یہ لیف لیٹ تخلیق کرنے کے سلسلے میں ہمارے ساتھ کام کیا۔

### آپ کا شکریہ

VS CYMRU VICTIM SUPPORT CYMRU | WALES

HEDDLU GWENT POLICE

WELSH REFUGEE COUNCIL CYNGOR FFOADURIAID CYMRU

Ariennir gan Lywodraeth Cymru
Funded by Welsh Government